xدمہ کے مریض کے لیے ان ہیلر کا استعمال کرنا کیسا ہے؟

الحمدللہ والصلوۃ والسلام علی رسول اللہ

الاستفتاء: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین اس مسئلہ کے بارے میں کہ کسی کو دمہ کی بیماری ہو کیا وہ ان ہیلر استعمال کرسکتا ہے ؟ روزے کے دوران اس کے استعمال سے روزہ ٹوٹ جائے گا یا نہیں؟

سائل :محمدکبیر فرام انگلینڈ

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بِعَونِ المَلِکِ الوَھاب اللھم ھدایۃَ الحَق والصواب

ان ہیلر کے ذریعے سے سانس لینے سے روزہ ٹوٹ جائے گا کیونکہ یہ بات مشاہدے سے ثابت ہے کہ ان ہیلر میں موجود دوائی جو مائع کی صورت میں ہوتی ہے وہ گیس کی شکل اختیار کرکے مریض کے پھیپھڑوں میں پہنچتی ہے اوراس کی نالیاں کھول دیتی ہے جس سے مریض آسانی سے سانس لینے لگتا ہے۔ لہٰذا ان ہیلر کی دوائی کے حلق سے نیچے اترنے کی وجہ سے روزہ ٹوٹ جائے گا کیونکہ یہ ایک دھویں کی شکل میں اندر جاتی ہے تو یہ مسئلہ قصداً دھواں لینے کی طرح ہے۔جس طرح قصداً دھواں لینے سے روزہ ٹوٹ جاتا ہے اور اسی طرح ان ہیلر کے استعمال سے بھی روزہ ٹوٹ جائے گا۔

درمختار میں ہے:**"لَوْ أَدْخَلَ حَلْقَهُ الدُّخَانَ أَفْطَرَ أَيَّ دُخَانٍ كَانَ وَلَوْ عُودًا أَوْ عَنْبَرًا لَهُ ذَاكِرًا لِإِمْكَانِ التَّحَرُّزِ عَنْهُ"**اگر کسی نے خود قصداً دھواں حلق میں پہنچایا تو روزہ ٹوٹ گیا خواہ وہ کسی چیز کا دھواں ہو اگر چہ عود یا عنبر کا دھواں ہو جبکہ روزے دار ہونا یاد ہو کیونکہ قصداً دھواں اندر لے جانے سے بچا جاسکتا ہے۔

("الدرالمختار" و "ردالمحتار"، کتاب الصوم، باب ما یفسد الصوم وما لا یفسدہ، ج۳، ص۴۲۰)

واللہ تعالی اعلم ورسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبہ ابو الحسن محمد قاسم ضیاء قادری

QUESTION:

What do the scholars and muftis of the mighty Shari'ah say regarding the following matter, if a person suffers from asthma is it permissible for him to use an inhaler; will the fast become void if it is used?

Questioner: Muhammad Kabeer from England

ANSWER:

بسم الله الرحمن الرحيم

الجواب بِعَونِ المَلِکِ الوَھاب اللھم ھدایۃَ الحَق والصواب

Taking a breath by means of an inhaler will nullify the fast because it is proven through experience that the medicine which is present in the inhaler as a liquid takes the form of a gas and enters the lungs of the sufferer, causing the airways to open and allowing the sufferer to breath with ease. Therefore, due to the medicine of the inhaler descending below the throat, the fast will become invalid; as it takes the form of a gas, and this situation is akin to intentionally inhaling smoke. Just as intentionally inhaling smoke will nullify the fast, similarly, the use of an inhaler will cause the fast to become void. It is stated in al-Durr al-Mukhtār:

"If one was to intentionally enter smoke into the throat, the fast will break, irrespective of the source of the smoke, even if it be the smoke of agarwood ('oud) or ambergris, as long as he remembers that he is fasting; as it is possible to avoid the intentional inhalation of smoke"

[al-Durr al-Mukhtār wa Radd al-Muhtār, Kitāb al-Sawm, Bāb mā yufsid al-Sawm wa mā lā yufsiduh, Volume 3, pg 22]

واللہ تعالی اعلم ورسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
کتبہ ابو الحسن محمد قاسم ضیاء قادری

Answered by Mufti Qasim Zia al-Qādrī
Translated by Zameer Ahmed